تبصرے

منارِ صدا از مولانا مفتی عتیق الرحمٰن صاحب عثمانی، تقطیع متوسط ضخامت ۲۷۸ صفحات، کتابت و طباعت اور کاغذ اعلیٰ، قیمت مجلد 35/-
پتہ: ندوۃ المصنفین، اردو بازار، دہلی۔

باخبر اصحاب کو معلوم ہے کہ مولانا مفتی عتیق الرحمٰن صاحب عثمانی آل انڈیا ریڈیو اسٹیشن دہلی کے مقبول و مشہور مقرر ہیں۔ کیونکہ ایک ریڈیو تقریر کی کامیابی کے لیے ضروری ہے کہ مائک پر آواز کے فطے اور موزوں ہونے کے علاوہ تقریر کی زبان ہلکی پھلکی اور شگفتہ و دلچسپ ہو۔ مواد اور معلومات کے اعتبار سے عبارت قلّ و دلّ کی مصداق ہو اور طرز ادا میں بیساختگی اور بے تکلفی کا انداز ہو، اور مفتی صاحب میں یہ تمام اوصاف و کمالات جو حسن تحریر و تقریر کے جوہر ذاتی ہیں خداداد ہیں، اس بنا پر گذشتہ تیس برس کی مدت میں موصوف کی سینکڑوں تقریریں ریڈیو سے براڈکاسٹ ہو کر لاکھوں اور کروڑوں انسانوں کے لیے فردوسِ گوش بن چکی ہیں، یہ تقریریں منتشر تھیں، ڈاکٹر عنوان چشتی جو خود اردو کے مشہور ادیب، نقاد اور شاعر ہیں اور مفتی صاحب کے بڑے عقیدت مند ہیں ان کو خیال پیدا ہوا تو جن تقریروں کے مسودات دستیاب ہو سکے ان کو موضوع وار حسن سلیقہ سے مع ایک دلچسپ اور مفید مقدمہ کے مرتب کر کے تقریروں کی افادیت عام کر دی۔ یہ تقریریں